**18.12.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........محمد عمار

---

**Music**

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی ڈاکٹر بی آر امبیڈکر پر رائے زنی پر پارلیمنٹ میں شور وغل کا سلسلہ جاری ہے۔ اپوزیشن پارٹیوں نے معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کانگریس پر یہ کہتے ہوئے تنقید کی ہے کہ ایک خاندان ڈاکٹر امبیڈکر کی وراثت کو ختم کرنے کیلئے گھٹیا حرکتوں میں ملوث رہا۔

☆ قومی تحقیقاتی ایجنسی نے ممنوعہ ببر خالصہ بین الاقوامی تنظیم کے دہشت گرد لکھبیر سنگھ کے دو اہم معاونین کے خلاف فرد جرم داخل کی ہے۔

☆ روی چندرن اشون نے بین الاقوامی کرکٹ سے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں: بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر-گواسکر ٹرافی کے تحت بارش سے متاثرہ تیسرا ٹیسٹ میچ ڈرا پر ختم ہو گیا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Par-Adjourn**

اپوزیشن کی جانب سے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے خلاف ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی توہین کے الزامات پر شوروغل کے سبب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ آج جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو کانگریس، **DMK** اور بائیں بازو نے کل راجیہ سبھا میں اپنی تقریر کے دوران جناب شاہ کی رائے زنی کے خلاف نعرے بازی شروع کردی۔

پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ارجن رام میگھوال اور برسراقتدار کے دیگر ارکان نے اپوزیشن کے اس طرز عمل

پر اعتراض کیا۔ جناب میگھوال نے الزام لگایا کہ کانگریس نے ہمیشہ ڈاکٹر امبیڈکر کی توہین کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس کو سیاسی ضرورت کے تحت ڈاکٹر امبیڈکر کا احترام کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔

**Byte: Meghwal**

راجیہ سبھا میں بھی یہی معاملہ چھایا رہا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ کل اپنی تقریر کے دوران جناب شاہ نے ڈاکٹر امبیڈکر کے تئیں بہت زیادہ عزت و احترام کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے کانگریس پر ڈاکٹر امبیڈکر کا، اُن کی زندگی کے دوران احترام نہ کرنے اور اُس وقت لوک سبھا چناؤ میں انہیں شکست دینے کی خاطر سازش رچنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس نے ووٹ بینک کی اپنی سیاست کیلئے ان کے نام کا استعمال کیا، جو قابل مذمت ہے۔

**Byte: Rijiju**

میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکا ارجن کھڑگے نے وزیر داخلہ پر نکتہ چینی کی۔

انہوں نے الزام لگایا کہ اپنی رائے زنی سے جناب شاہ نے آئین کے معمار کی توہین کی ہے۔

**Byte: Mallikarjun Kharge**

## PM Congress Ambedkar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کانگریس پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی ڈاکٹر بی آر امبیڈکر پر رائے زنی کے خلاف اُس کے الزامات کی یہ کہتے ہوئے تنقید کی ہے کہ جناب امت شاہ نے بھارتی آئین کے معمار کی توہین کی کانگریس کی سیاہ تاریخ کو افشاں کردیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس جناب شاہ کی جانب سے پیش کئے گئے حقائق سے واضح طور پر حیران و پریشان ہے اور اِسی لئے وہ اِس طرح کی حرکتیں کررہی ہے۔ کل راجیہ سبھا میں ڈاکٹر امبیڈکر پر جناب شاہ کی رائے زنی پر اپوزیشن کے الزامات کا حوالہ دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اگر کانگریس اور اُس کا فرسودہ ایکو نظام یہ سوچتا ہے کہ اُن کا جھوٹ اُن کی حرکتوں کو خاص طور سے ڈاکٹر امبیڈکر کی توہین کو چھپا لے گا تو وہ دھوکے میں ہے۔

سوشل میڈیا پر سلسلے وار پوسٹ میں انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے عوام نے گزرتے وقت کے ساتھ یہ مشاہدہ کیا ہے کہ کِس طرح ایک خاندان کی قیادت میں ایک پارٹی ڈاکٹر امبیڈکر کی وراثت کو ختم کرنے کے لئے ہر ممکن اوچھی حرکت اور درج فہرست ذات و قبائل کی تذلیل کرنے میں ملوث رہی ہے۔x

**ONOE JPC**

حکومت نے ''ایک ملک، ایک انتخاب'' بِل کو وسیع مشاورت کے لیے، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کے سپرد کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

لوک سبھا میں، جیسے ہی یہ بِل پیش کیے گئے، اپوزیشن پارٹی کے رہنماؤں نے، اِس بِل پر اعتراضات ظاہر کرنے شروع کر دیے۔

پارلیمنٹ کے ایوانِ زیریں میں یہ بِل پیش کرتے ہوئے، جناب میگھوال نے کہا تھا کہ حکومت ''ایک ملک، ایک انتخاب'' بِل کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے حوالے کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے اِس بِل پر اعتراض کیے جانے کو محض ایک سیاست قرار دیا۔

اِن دو بِلوں کا مقصد ملک میں لوک سبھا اور ریاستی اسمبلی کے انتخابات ایک ساتھ کرانا ہے۔x

**NIA Khalistan Terrorists**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے آج کہا ہے کہ اُس نے ممنوعہ تنظیم ببر خالصہ انٹرنیشنل BKI کے دہشت گرد لکھبیر سنگھ کے دو قریبی ساتھیوں کے خلاف فرد جرم داخل کی ہے۔ کل پنجاب کے موہالی میں قومی جانچ ایجنسی کی خصوصی عدالت میں یہ فرد جرم داخل کی گئی۔ NIA نے کہا کہ ملزم جسپریت سنگھ عرف Jass اور بلجیت سنگھ عرف رانا بھائی پر بیرون ملک مقیم خالصتانی دہشت گرد لکھبیر سنگھ کے ذریعے چلائے جارہے دہشت گرد گروہ کے سرگرم ممبر ہونے کا الزام ہے۔ لکھبیر سنگھ کو Landa کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ قومی جانچ ایجنسی کی تحقیقات میں جسپریت سنگھ پر Landa اور اس کے ساتھی Pattu Khaira کے لئے زمینی سطح پر مدد فراہم کرنے میں اہم رول ادا کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ وہ مذکورہ گروہ کی سرگرمیوں کو انجام دینے میں سرگرم طور پر شامل رہا ہے۔

اِس گروہ کی سرگرمیوں میں منشیات کی اسمگلنگ اور ببر خالصہ انٹرنیشنل کی سرگرمیوں کے لئے مالی وسائل فراہم کرنے کیلئے جبری وصولی کا نیٹ ورک چلانا شامل ہے۔ دوسری طرف Landa گروہ کے ممبروں اور اُس سے وابستہ گینگسٹروں کیلئے ہتھیاروں کی مینوفیکچرنگ اور سپلائی میں بھی بلجیت سنگھ کا کلیدی رول رہا ہے۔ اُس نے مبینہ طور پر مختلف علاقوں میں اِن ہتھیاروں کی ڈیلیوری کو آسان بنانے کے لئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا بھی استعمال کیا۔ بلجیت سنگھ، مذکورہ گروہ سے وابستہ ہتھیاروں کے ڈیلروں کے ایک ملک گیر نیٹ ورک کی کلیدی سپلائروں میں سے ایک تھا۔x

**PRADHAN-NTA**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کا امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی NTA، اگلے

سال سے صرف مقابلہ جاتی داخلہ امتحانات کرائے گی، جو تعلیمی اداروں میں داخلے کے لیے کرائے جاتے ہیں۔ ایجنسی بھرتی کے لیے کرائے جانے والے امتحانات نہیں کرائے گی۔

نئی دلّی میں، ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس کا مقصد یہ ہے کہ امتحانات کو خامیوں سے پاک کیا جائے اور جواب دہی طے کی جائے۔ جناب پردھان نے کہا کہ تعلیم اور صحت وزارتیں اِس بات پر غور خوض کر رہی ہیں کہ آیا میڈیکل امتحان **NEET-UG**، پین اور کاغذ سے کرایا جائے یا اِسے آن لائن کرایا جائے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ممکن ہے کہ **NEET-UG** کے لیے تفصیلی طریقۂ کار کا اعلان دو سے تین ہفتے میں کر دیا جائے۔

تعلیم کے وزیر نے اِسرو کے سابق چیئرمین کے-رادھا کرشنن کی قیادت والی کمیٹی کی سفارشات کے بارے میں بتایا، جو اُس نے خوش اسلوبی اور شفافیت کے ساتھ امتحانات کرائے جانے اور **NTA** کو مستحکم کیے جانے کے ضمن میں کی ہیں۔×

## Ashwin- Retirement

بھارت کے کرکٹ کے سرکردہ آل راؤنڈر کھلاڑی روی چندرن اشون نے فوری طور پر بین الاقوامی کرکٹ سے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ **38** سالہ اس کھلاڑی نے بارڈر-گواسکر ٹرافی کے تحت تیسرے ٹیسٹ میچ کے ڈرا پر ختم ہونے کے کچھ دیر بعد ہی یہ اعلان کیا۔ اشون ایک روزہ بین الاقوامی میچوں اور ٹیسٹ میچوں، دونوں میں بھارت کے دوسرے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے کھلاڑی ہیں۔ اشون ٹی-ٹوینٹی ٹورنامنٹ کھیلنا جاری رکھیں گے اور **IPL-2025** میں چنئی سپر کنگس کیلئے کھیلیں گے۔×

## Cricket Ind-Aus Result

کرکٹ میں، برسبین میں گابا کے مقام پر کھیلے گئے بارڈر-گواسکر ٹرافی کا تیسرا ٹیسٹ میچ بارش کی وجہ سے ڈرامائی طور پر، برابری پر ختم ہوا۔ دوسری اننگز میں بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت نے بنا کسی نقصان کے آٹھ رن بنائے تھے۔ مہمان ٹیم کو جیت کے لیے **267** رن کا ہدف ملا تھا۔ لیکن موسم کی خرابی کی وجہ سے کوئی نتیجہ نہیں نکل سکا۔ اس سے پہلے پانچویں دن کھیلتے ہوئے بھارت، آسٹریلیا کے **445** رن کے جواب میں **260** رن پر آل آؤٹ ہو گئی تھی۔

پانچ ٹسٹ میچوں کی یہ سیریز فی الحال ایک-ایک سے برابر ہے۔ سیریز کا چوتھا میچ میلبرن میں اِس مہینے کی **26** تاریخ سے کھیلا جائے گا۔**x**

**WOMENS OMD VS WO**

خواتین کی بین الاقوامی ٹی۔ٹوئنٹی کرکٹ میچ میں ویسٹ انڈیز نے دوسرے میچ میں بھارت کو 9 وکٹ سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز ایک۔ایک سے برابر کرلی۔ یہ میچ رات نوی ممبئی کے ڈی۔وائی۔پاٹل اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔

کپتان ہیلی میتھیوز نے بغیر آؤٹ ہوئے 85 رن بنائے اور ویسٹ انڈیز نے 160 رن کا جیت کا نشانہ اُس وقت حاصل کرلیا جب 26 گیندیں کھیلے جانا باقی تھیں۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس سے قبل بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 159 رن بنائے تھے۔ سلامی بلے باز اور کپتان اسمرتی مندھانا نے سب سے زیادہ 62 رن بنائے۔ آخری ٹی ٹوئنٹی میچ کل کھیلا جائے گا۔x

☆☆☆☆☆